13359 - مچھلی اور دودھ اکٹھا کرنا

سوال

کیا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کی تعلیم دی ہے کہ مچھلی اور دودھ اکٹھے مت کھائیں ؟

پسندیدہ جواب

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے وارد نہیں کہ آپ نے مچھلی کھا کر دودھ پینے سے منع کیا ہو، اور جب یہ ثابت نہیں تو پھر اس مسئلہ میں مرجع اہل طب ہونگے، اگر طبیب اور ڈاکٹر کہے کہ ان کو جمع کرنے میں نقصان اور ضرر لاحق ہوتا ہے تو ان کو اکٹھا تناول نہ کیا جائے، بلکہ ہر ایک کو علیحدہ کھایا اور پیا جائے.

لیکن اگر ان کو جمع کرنے کوئی نقصان اور ضرر نہیں تو پھر اگر آپ چاہیں تو ان کو اکٹھا تناول کر لیں، اور اگر چاہیں تو علیحدہ علیحدہ استعمال کریں، لیکن یہ ہو سکتا ہے اکٹھا استعمال کرنا بعض لوگوں کو کسی معین حساسیت اور الرجی، اور ان کے جسم کی طبیعت کی بنا پر ضرر اور نقصان دے، اور دوسروں کے لیے ضرر اور نقصان کا باعث نہ ہو.

خلاصہ یہ ہوا کہ : اس سلسلہ میں تجربہ کار لوگ مرجع ہیں.

واللہ اعلم.